# زیارت امام آخرالزمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف

اس ضمن میں آپ (ع) نے یہ بھی فرمایا کہ جب تم لوگ ہمیں وسیلہ بنا کر خدا کی طرف یا ہماری طرف متوجہ ہونا چاہو تو اس طرح کہو جیسا کہ خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

**سَلامٌ عَلَى آلِ يس اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا داعِيَ اللهِ وَرَبَّانِيَّ آياتِهِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا بابَ اللهِ**

سلام ہو اولاد پیغمبرؐ پر آپ پر سلام ہو اے خدا کے داعی اور اس کے کلام کے نگہبان سلام ہو آپ پر اے خدا کے باب

**وَدَيَّانَ دِينِهِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيفَةَ اللهِ وَناصِرَ حَقِّهِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا حُجَّةَ اللهِ**

اور اس کے دین کی حفاظت کرنے والے آپ پر سلام ہو اے خدا کے نائب اور حق کے مددگار آپ پر سلام ہو اے خدا کی حجت اور

**وَدَلِيلَ إِرادَتِهِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا تالِيَ كِتابِ اللهِ وَتَرْجُمانِهِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ فِي آناءِ**

اس کے ارادے کے مظہر سلام ہو آپ پر اے قرآن کے قاری اور اس کی تشریح کرنے والے آپ پر سلام ہو رات کے

**لَيْلِكَ وَأَطْرافِ نَهارِكَ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا بَقِيَّةَ اللهِ فِي أَرْضِهِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا مِيثاقَ**

اوقات میں اور دن کی ہر گھڑی میں آپ پر سلام ہو اے خدا کی زمین میں اس کے نمائندہ آپ پر سلام ہو اے خدا کے وہ

**اللهِ الَّذِي أَخَذَهُ وَوَكَّدَهُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا وَعْدَ اللهِ الَّذِي ضَمِنَهُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا**

عہد جو اس نے باندھا اور پکا کیا آپ پر سلام ہو اے خدا کے وعدہ جس کا وہ ضامن ہے آپ پر سلام ہو کہ آپ ہیں

**الْعَلَمُ الْمَنْصُوبُ وَالْعِلْمُ الْمَصْبُوبُ والْغَوْثُ وَالرَّحْمَةُ الْواسِعَةُ وَعْداً غَيْرَ مَكْذُوبٍ**

گاڑا ہوا علم، ہیں سپرد شدہ دانش، دادرس کشادہ تر رحمت اور وہ وعدہ ہیں جو جھوٹا نہیں

**اَلسَّلامُ عَلَيْكَ حِينَ تَقُومُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ حِينَ تَقْعُدُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ حِينَ تَقْرَأُ وَتُبَيِّنُ**

آپ پر سلام ہو جب آپ قیام کریں گے آپ پر سلام ہو جب منتظر بیٹھے ہیں آپ پر سلام ہو جب آپ قرآن پڑھیں اور تفسیر کریں

**اَلسَّلامُ عَلَيْكَ حِينَ تُصَلِّي وَتَقْنُتُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ حِينَ تَرْكَعُ وَتَسْجُدُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ**

آپ پر سلام ہو جب آپ نماز گزاریں اور قنوت پڑھیں آپ پر سلام ہو جب آپ رکوع اور سجدہ کرتے ہیں آپ پر سلام ہو

**حِينَ تُهَلِّلُ وَتُكَبِّرُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ حِينَ تَحْمَدُ وَتَسْتَغْفِرُ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ حِينَ تُصْبِحُ وَ**

جب آپ ذکر الٰہی کریں آپ پر سلام ہو جب حمد و استغفار کریں آپ پر سلام ہو جب آپ صبح اور

**تُمْسِي اَلسَّلامُ عَلَيْكَ فِي اللَّيْلِ إِذا يَغْشىٰ وَالنَّهارِ إِذا تَجَلَّىٰ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا الْإِمامُ**

شام کریں اور تسبیح بجا لائیں آپ پر سلام ہو رات میں جب وہ چھا جائے اور دن میں جب روشن ہو جائے آپ پر سلام ہو اے محفوظ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

الْمَأْمُونُ اَلسَّلامُ عَلَيْکَ أَيُّهَا الْمُقَدَّمُ الْمَأْمُولُ اَلسَّلامُ عَلَيْکَ بِجَوامِعِ السَّلامِ أُشْهِدُکَ

امام آپ پر سلام ہو جس کے آنے کی آرزو ہے آپ پر سلام ہو ہر طبقے کی طرف سے سلام، میں آپ کو گواہ قرار دیتا ہوں

يَا مَوْلايَ أَنِّي أَشْهَدُ أَنْ لا إِلهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لا شَرِيکَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ

اے میرے آقا اور گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یگانہ ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ کہ حضرت محمدؐ اسکے بندے

وَرَسُولُهُ لا حَبِيبَ إِلَّا هُوَ وَأَهْلُهُ وَأُشْهِدُکَ يَا مَوْلايَ أَنَّ عَلِيّاً أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ

اوررسول ہیں سوائے انکے کوئی حبیب نہیں اور ان کے اہلبیتؑ کے آپ کو گواہ بناتا ہوں اے میرے آقا اس پر کہ علیؑ امیر المؤمنین اور

حُجَّتُهُ وَالْحَسَنَ حُجَّتُهُ وَالْحُسَيْنَ حُجَّتُهُ وَعَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ حُجَّتُهُ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ

اس کی حجت ہیں حسنؑ اس کی حجت ہیں حسینؑ اس کی حجت ہیں اور علیؑ ابن الحسینؑ اس کی حجت اور محمدؑ ابن علیؑ

حُجَّتُهُ وَجَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ حُجَّتُهُ وَمُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ حُجَّتُهُ وَعَلِيَّ بْنَ مُوسى حُجَّتُهُ

اس کی حجت اور جعفرؑ ابن محمدؑ اس کی حجت ہیں موسیٰؑ بن جعفرؑ اس کی حجت ہیں علیؑ بن موسیٰؑ اس کی حجت ہیں

وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ حُجَّتُهُ وَعَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ حُجَّتُهُ وَالْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ حُجَّتُهُ وَأَشْهَدُ أَنَّکَ

محمدؑ بن علیؑ اس کی حجت ہیں علیؑ بن محمدؑ اس کی حجت ہیں حسنؑ بن علیؑ اس کی حجت ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؑ

حُجَّةُ اللهِ أَنْتُمُ الْاَوَّلُ وَالْاَخِرُ وَأَنَّ رَجْعَتَکُمْ حَقٌّ لا رَيْبَ فِيها يَوْمَ لا يَنْفَعُ نَفْساً

خدا کی حجت ہیں آپؑ ہی ہیں اول و آخر اور آپؑ کی رجعت حق ہے اس میں کوئی شک نہیں اس دن ایمان لانا کچھ نفع نہ دیگا جو اس سے

إِيمانُها لَمْ تَکُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ کَسَبَتْ فِي إِيمانِها خَيْراً وَأَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَأَنَّ ناکِراً

پہلے ایمان نہ لایا ہوگا یا ایمان کے تحت نیکی کے کام نہ کیئے ہوں اور یقیناً موت حق ہے منکر

وَنَکِيراً حَقٌّ وَأَشْهَدُ أَنَّ النَّشْرَ حَقٌّ وَالْبَعْثَ حَقٌّ وَأَنَّ الصِّراطَ حَقٌّ وَالْمِرْصادَ حَقٌّ

ونکیر حق ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ قبر سے باہر آنا حق اور مردوں کا اٹھنا حق ہے، بے شک صراط سے گزرنا حق، نگرانی ہونا حق اور اعمال کا تولا

وَالْمِيزانَ حَقٌّ وَالْحَشْرَ حَقٌّ وَالْحِسابَ حَقٌّ وَالْجَنَّةَ وَالنَّارَ حَقٌّ وَالْوَعْدَ وَالْوَعِيدَ بِهِما حَقٌّ.

جانا حق ہے، حشر حق ہے، حساب کتاب حق ہے جنت وجہنم حق ہے ان کے بارے میں وعدہ اور وعید حق ہیاے میرے سردار آپؑ کا مخالف بد بخت ہے اور

يَا مَوْلايَ شَقِيَ مَنْ خالَفَکُمْ وَسَعِدَ مَنْ أَطَاعَکُمْ فَاشْهَدْ عَلَى مَا أَشْهَدْتُکَ عَلَيْهِ وَأَنَا وَلِيٌّ لَکَ

آپؑ کا پیروکار نیک بخت ہے پس میں گواہی دیتا ہوں اسکی جسکی آپ نے گواہی دی میں آپؑ کا حبدار اور آپؑ کے دشمن سے بیزار ہوں پس حق وہ ہے جسے

بَرِيءٌ مِنْ عَدُوِّکَ فَالْحَقُّ مَا رَضِيتُمُوهُ وَالْباطِلُ مَا أَسْخَطْتُمُوهُ وَالْمَعْرُوفُ مَا أَمَرْتُمْ بِهِ وَالْمُنْکَرُ

آپؑ پسند کریں اور باطل وہ ہے جس سے آپؑ ناخوش ہوں نیکی وہ ہے جس کا آپؑ حکم دیں اور برائی وہ ہے جس سے آپؑ منع کریں پس میرا دل ایمان رکھتا

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

مَا نَهَيْتُمْ عَنْهُ فَنَفْسِي مُؤْمِنَةٌ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ لاَ شَرِيکَ لَهُ وَبِرَسُولِهِ وَبِأَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَبِكُمْ يَامَوْلاَیَ

ہے خدا پر جو یگانہ ہے اسکا کوئی شریک نہیں ہے اور اسکے رسولؐ پر اور امیر المؤمنینؑ پر اور آپؑ پر اے میرے آقا ایمان رکھتا ہوں اسی طرح آپؑ کے پہلے اور

أَوَّلِكُمْ وَآخِرِكُمْ وَنُصْرَتِي مُعَدَّةٌ لَكُمْ وَمَوَدَّتِي خَالِصَةٌ لَكُمْ آمِينَ آمِينَ. اس زیارت کے بعد یہ دعا

آخری پر اور میری نصرت آپؑ کے لیے حاضر ہے میری دوستی آپؑ کے لیے خالص ہے قبول فرما، قبول فرما۔

پڑھے: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُکَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ نَبِيِّ رَحْمَتِکَ وَكَلِمَةِ نُورِکَ وَأَنْ

اے معبود یقیناً میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ اپنے نبی محمدؐ پر رحمت فرما جو رحمت و برکت والے اور تیرا نورانی کلمہ ہیں اور یہ کہ

تَمْلَأَ قَلْبِي نُورَ الْيَقِينِ وَصَدْرِي نُورَ الْإِيمَانِ وَفِكْرِي نُورَ النِّيَّاتِ وَعَزْمِي نُورَ الْعِلْمِ

میرے دل کو نور یقین اور سینے کو نور ایمان سے بھردے اور میرے ذہن کو روشن نیتوں میرے ارادے کو نور علم میری قوت کو نور عمل

وَقُوَّتِي نُورَ الْعَمَلِ وَلِسَانِي نُورَ الصِّدْقِ وَدِينِي نُورَ الْبَصَائِرِ مِنْ عِنْدِکَ وَبَصَرِي نُورَ الضِّيَاءِ

میری زبان کو نور صداقت اور میرے دین کو اپنی طرف سے بصیرتوں کے نور سے پر کر دے میری آنکھ کو نور ضیاء سے

وَسَمْعِي نُورَ الْحِكْمَةِ وَمَوَدَّتِي نُورَ الْمُوَالاَةِ لِمُحَمَّدٍ وَآلِهِ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ حَتَّى أَلْقَاکَ

میرے کان کو نور دانش اور میری دوستی کو محمد و آل محمد علیہم السلام کی محبت کے نور سے بھر دے حتی کہ تجھ سے ملاقات کروں

وَقَدْ وَفَيْتُ بِعَهْدِکَ وَمِيثَاقِکَ فَتُغَشِّيَنِي رَحْمَتَکَ يَا وَلِيُّ يَا حَمِيدُ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى

جبکہ تیرے عہد و پیماں کو پورا کیا ہو پس تیری رحمت مجھے گھیر لے اے ولی اے تعریف والے اے معبود محمد مہدیؑ پر درود

مُحَمَّدٍ حُجَّتِکَ فِي أَرْضِکَ وَخَلِيفَتِکَ فِي بِلاَدِکَ وَالدَّاعِي إِلَى سَبِيلِکَ وَالْقَائِمِ

و رحمت فرما جو تیری زمین میں تیری حجت، تیرے شہروں میں تیرے خلیفہ تیرے راستے کی طرف بلانے والے، تیری عدالت پر قائم

بِقِسْطِکَ وَالثَّائِرِ بِأَمْرِکَ وَلِيِّ الْمُؤْمِنِينَ وَبَوَارِ الْكَافِرِينَ وَمُجَلِّي الظُّلْمَةِ وَمُنِيرِ الْحَقِّ

رہنے والے، تیرے حکم سے بدلہ لینے والے، مومنوں کے ولی، کافروں کے لیے پیام موت، تاریکی میں روشنی کرنے والے حق کو عیاں کرنے والے

وَالنَّاطِقِ بِالْحِكْمَةِ وَالصِّدْقِ وَكَلِمَتِکَ التَّامَّةِ فِي أَرْضِکَ الْمُرْتَقِبِ الْخَائِفِ وَالْوَلِيِّ النَّاصِحِ

حکمت و سچائی سے کلام کرنے والے جو تیری زمین میں تیرا کلمہ کامل وہ تیرے فرامین کے نگہبان اور تیرے جبروت سے خوف زدہ ہیں، خیر خواہ ولی،

سَفِينَةِ النَّجَاةِ وَعَلَمِ الْهُدَىٰ وَنُورِ أَبْصَارِ الْوَرَىٰ وَخَيْرِ مَنْ تَقَمَّصَ وَارْتَدَىٰ وَمُجَلِّي الْعَمَى الَّذِي

نجات دلانے والی کشتی، ہدایت کے پرچم اور لوگوں کی آنکھوں کا نور ہیں قمیص اور چادر پہننے والوں میں بہترین اور اندھوں

يَمْلَأُ الْأَرْضَ عَدْلاً وَقِسْطاً كَمَا مُلِئَتْ ظُلْماً وَجَوْراً إِنَّکَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کو آنکھیں دینے والے ہیں جو زمین کو عدل و انصاف سے پر کریں گے %% وہ ظلم و جور سے بھری ہوئی ہوگی بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اے معبود

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

عَلَى وَلِيِّكَ وَابْنِ أَوْلِيَائِكَ الَّذِينَ فَرَضْتَ طَاعَتَهُمْ وَأَوْجَبْتَ حَقَّهُمْ وَأَذْهَبْتَ عَنْهُمُ الرِّجْسَ

اپنے ولی اور اپنے اولیاء کے (نسل درنسل) فرزند پر رحمت نازل فرما جن کی اطاعت تو نے لازم فرمائی انکا حق واجب کیا اور ان سے پلیدی کو دور کیا

وَطَهَّرْتَهُمْ تَطْهِيراً. اَللّٰهُمَّ انْصُرْهُ وَانْتَصِرْ بِهِ لِدِينِكَ وَانْصُرْ بِهِ أَوْلِيائَكَ وَأَوْلِيَائَهُ وَشِيعَتَهُ وَأَنْصارَهُ

انہیں پاک رکھا اور خوب پاک۔ اے معبود امام زمانؑ کی مدد کر انکے ذریعے اپنے دین کو غلبہ دے اور انکے ذریعے اپنے دوستوں، انکے دوستوں شیعوں اور

وَاجْعَلْنا مِنْهُمْ. اَللّٰهُمَّ أَعِذْهُ مِنْ شَرِّ كُلِّ باغٍ وَطاغٍ وَمِنْ شَرِّ جَمِيعِ خَلْقِكَ وَاحْفَظْهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ

مددگاروں کو قوت دے اور ہمیں ان میں سے قرار دے اے معبود بچائے رکھ ان کو ہر باغی اور سرکش کے شر سے اور اپنی مخلوقات کے شر سے ان کو محفوظ رکھ

وَمِنْ خَلْفِهِ وَعَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمالِهِ وَاحْرُسْهُ وَامْنَعْهُ مِنْ أَنْ يُوصَلَ إِلَيْهِ بِسُوءٍ وَاحْفَظْ فِيهِ

ان کے آگے سے ان کے پیچھے سے انکے دائیں سے اور انکے بائیں سے ان کی نگہبانی کر ان کو بچائے رکھ اس سے کہ انہیں کوئی اذیت پہنچے ان کی حفاظت کر

رَسُولَكَ وَآلَ رَسُولِكَ وَأَظْهِرْ بِهِ الْعَدْلَ وَأَيِّدْهُ بِالنَّصْرِ وَانْصُرْ ناصِرِيهِ وَاخْذُلْ خاذِلِيهِ وَاقْصِمْ

کے اپنے رسولؐ اور انکی آلؑ کی حفاظت کر ان امام آخرؑ کے ذریعے عدل کو ظاہر کر اور نصرت دے کر ان کو قوی بنا ان کے ناصروں کی مدد فرما انکو چھوڑ دے جو انکو چھوڑ

قاصِمِيهِ وَاقْصِمْ بِهِ جَبابِرَةَ الْكُفْرِ وَاقْتُلْ بِهِ الْكُفَّارَ وَالْمُنافِقِينَ وَجَمِيعَ الْمُلْحِدِينَ حَيْثُ كانُوا

گئے انکو کمزور کرنیوالوں کی کمر توڑ دے انکے ہاتھوں کفر کے سرداروں کو زیر کر انکی تلوار سے کافروں، منافقوں اور سارے بے دینوں کو قتل کرا دے وہ جہاں جہاں ہیں

مِنْ مَشارِقِ الْاَرْضِ وَمَغارِبِها بَرِّها وَبَحْرِها وَامْلَأْ بِهِ الْاَرْضَ عَدْلاً وَأَظْهِرْ بِهِ دِينَ نَبِيِّكَ صَلَّى

زمین کے مشرقوں اور اسکے مغربوں میں میدانوں اور سمندروں میں ان کے ذریعے زمین کو عدل سے بھر دے اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کو غالب کر دے اور

اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ وَاجْعَلْنِي اَللّٰهُمَّ مِنْ أَنْصارِهِ وَأَعْوانِهِ وَأَتْباعِهِ وَشِيعَتِهِ وَأَرِنِي فِي آلِ مُحَمَّدٍ

اے معبود مجھے امام مہدیؑ کے مددگاروں، ان کے ساتھیوں، ان کے پیروکاروں اور ان کے شیعوں میں سے قرار دے اور آلِ محمدؐ کے بارے میں جسکی وہ تمنا رکھتے

عَلَيْهِمُ اَلسَّلامُ مَا يَأْمُلُونَ وَفِي عَدُوِّهِمْ مَا يَحْذَرُونَ إِلهَ الْحَقِّ آمِينَ يَا ذَا الْجَلالِ وَالْاِكْرامِ يَا

ہیں اور ان کے دشمنوں میں جس سے وہ دور رہتے ہیں میرے لیے آشکار فرما اے سچے معبود ایسا ہی ہو اے صاحب جلال و بزرگی اے سب سے زیادہ

أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

رحم کرنے والے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com